زیر تحقیق مقالے کو پانچ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے باب میں علامہ اقبال کی شخصیت، فکر و فلسفہ کا مختصر تعارف کے ساتھ اقبال اکادمی کا تعارف، اغراض و مقاصد، تنظیمی ڈھانچہ، شعبہ جات، تاریخ، منصوبہ جات کا تعارف، فروغ اقبالیات میں ملکی اداروں کا کردار اور اقبال اکادمی کا کردار پر مختصر نوٹ پیش کیا گیا ہے۔ دوسرے باب میں ملٹی میڈیا، ڈیجیٹائزیشن و ڈیجیٹلائزیشن کا دور، اکادمی کی ملٹی میڈیا مصنوعات کا تعارف، ملٹی میڈیا ویب سائٹ مقابلہ جات اور اکادمی کا خود ساختہ لائبری مینجمنٹ سسٹم کتابدار کا تعارف شامل ہے۔ تیسرے باب میں انٹرنیٹ، سوشل میڈیا، موبائل ایپس کا تعارف اور فروغ اقبالیات میں انٹرنیٹ، سوشل میڈیا، موبائل ایپس کا کردار، نیز فروغ اقبالیات میں مصروف عمل ویب سائٹس، سوشل میڈیا، موبائل ایپس کا تعارف پیش کیا گیا ہے۔ چوتھے باب میں اقبال اکادمی کی ویب سائٹس، سوشل میڈیا، موبائل ایپس کا تعارف پیش کیا گیا ہے جبکہ پانچویں اور آخری باب میں محاکمہ یعنی اقبال اکادمی کے آن لائن علمی ادبی ذخیرہ جات کا تجزیہ، تجاویز اور گزارشات پیش کی گئی ہیں۔ آخر میں کتابیات، اشاریہ و حوالہ جات کی فہرست ہے۔